NYC Consumer and Worker Protection

# معائنہ کی چیک لسٹ:
# گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار

*کیا آپ نیو یارک سٹی میں گھر کی بہتری کی اشیاء بیچتے ہیں یا کام انجام دیتے ہیں؟*

**خلاف ورزیوں سے بچنے کے لیے اس چیک لسٹ کا استعمال کریں۔ آپ کی سہولت کے لیے، ہر ضرورت میں قانون اور/یا قاعدہ کا متعلقہ سیکشن شامل ہوتا ہے، لہذا آپ مزید معلومات کے لیے اس کا حوالہ دے سکتے ہیں۔ ذیل میں موجود کلید اس چیک لسٹ میں استعمال ہونے والے قانونی حوالوں اور علامتوں کو بیان کرتی ہے۔**

| **کلید** |
|---|
| **NYC کوڈ:** NYC انتظامی کوڈ<br>**RCNY:** نیویارک سٹی کے اصول<br>**§:** سیکشن |

| | **تقاضہ** | **کیا آپ اس تقاضہ کو پورا کرتے ہیں؟** |
|---|---|---|
| | **لائسنسز** | |
| 1 | اگر آپ نیو یارک سٹی میں نجی رہائش گاہوں پر گھر کی بہتری کا کام انجام دیتے ہیں یا اس کی پیشکش کرتے ہیں تو، آپ کے پاس NYC کا محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) جسے پہلے صارفین کے امور کے نام سے جانا جاتا تھا) کی جانب سے جاری کردہ ایک درست گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔<br>**تجویز:** آپ جن ذیلی ٹھیکیداروں کو استعمال کرتے ہیں ان سبھی کے پاس DCWP کا گھر کی بہتری کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔<br>**NYC کوڈ §20-387** | ☐ ہاں |
| 2 | DCWP کے مشترکہ لائسنس اور شکایت کی علامت کو ایسی جگہ میں ضرور پوسٹ کیا جانا چاہئے جہاں تمام کسٹمرز اسے دیکھ سکتے ہوں یا کسی کسٹمر کی درخواست پر اسے دکھایا جا سکتا ہو۔<br>**6 RCNY §1-03(a)** | ☐ ہاں |
| | **ممنوعہ طرز عمل** | |
| 3 | آپ گھر میں بہتری کے ٹھیکیدار کے لائسنس پر موجود نام کے علاوہ کسی اور نام پر کاروبار نہیں کر سکتے ہیں۔<br>**NYC کوڈ §20-393(8)** | ☐ ہاں |
| 4 | گھر کی بہتری کا معاہدہ طلب کرتے وقت یا حاصل کرتے وقت آپ صارفین سے غلط بیانی یا غلط وعدے نہیں کر سکتے ہیں۔<br>**NYC کوڈ §20-393(2)** | ☐ ہاں |

Consumer and Worker Protection

# معائنہ کی چیک لسٹ:
# گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار

| تقاضہ | | کیا آپ اس تقاضہ کو پورا کرتے ہیں؟ |
|---|---|---|
| **معاہدے اور تخمینے**<br>**کے بارے میں اہم نوٹ:21-تقاضوں 5** معاہدے سے چھوٹا ہوا ہر ایک تقاضہ ایک علیحدہ خلاف ورزی ہے جس کے لیے جرمانے کا تعین کیا جائے گا۔ | | |
| **5** | جو صارف تحریری تخمینہ کی درخواست کرے اسے آپ کو وہ فراہم کرنا ہوگا۔<br>**NYC کوڈ20-395§** | ☐ ہاں |
| **6** | گھر کی بہتری کے کام کے لیے آپ کے اور صارف کے درمیان معاہدہ تحریری طور پر ہونا چاہئے اور اس پر صارف اور ٹھیکیدار کے دستخط ہونے چاہئیں۔<br>**تجویز:** معاہدہ پر دستخط کیے جانے کے وقت اور کوئی بھی کام کرنے سے پہلے آپ کو دستخط شدہ معاہدہ کی ایک کاپی صارف کو فراہم کرنا ہوگی۔<br>**تجویز:** معاہدے میں تبدیلی کے تمام احکامات تحریری طور پر ہونے چاہئیں اور ٹھیکیدار اور صارف کے دستخط ہونے چاہئیں۔ تبدیلی کے حکم میں اضافی کام کے اخراجات، نئے معاہدے کی قیمت، اور ادائیگی کی آخری تاریخ ضرور شامل ہونی چاہئیں۔<br>**تجویز:**DCWP کی گھر کی بہتری کا تخمینہ اور حتمی معاہدہ nyc.gov/BusinessToolbox پر دستیاب ہے<br>**6 RCNY §2-221(a)** | ☐ ہاں |
| **7** | جو معاہدہ آپ صارفین کو دیتے ہیں اس کا قابل خواندگی اور سادہ انگریزی زبان میں ہونا ضروری ہے۔<br>**تجویز:** اگر آپ انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں معاہدے پر گفت و شنید کرتے ہیں تو، انگریزی اور جو زبان آپ معاہدے پر گفت و شنید کرنے کے لیے استعمال کرتے تھے دونوں زبانوں میں صارف کو معاہدہ کی ایک کاپی آپ کو فراہم کرنا ہوگی۔<br>**6 RCNY §2-221(a)** | ☐ ہاں |
| **8** | معاہدے میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہونی چاہئیں:<br>• معاہدے کی تاریخ<br>• گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کا نام<br>• گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کے دفتر کا پتہ<br>• گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کا ٹیلیفون نمبر<br>• گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کا DCWP لائسنس نمبر<br>**6 RCNY §2-221(a)(1)** | ☐ ہاں |
| **9** | معاہدے میں وہ تاریخیں ضرور شامل ہونی چاہئیں جب آپ کو کام شروع کرنے کی توقع ہو اور کافی حد تک کام کو مکمل کر لیں اور کسی بھی ناگہانی حالت کا بیان شامل ہونا چاہیے جو مادی طور پر متوقع یا تخمینہ کے مطابق تکمیل کی تاریخ کو بدل دیتی ہے۔<br>**تجویز:** اگر آپ اور صارف نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ تکمیل کی ایک مقررہ تاریخ جوہر ہے، تو آپ کو معاہدے میں اس کو نوٹ کرنا ہوگا۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(2)** | ☐ ہاں |
| **10** | معاہدے میں انجام دیئے جانے والے کام کی تفصیل شامل کرنا ہوگی۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(3)** | ☐ ہاں |

NYC Consumer and Worker Protection

# معائنہ کی چیک لسٹ:
# گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار

| تقاضہ | | کیا آپ اس تقاضہ کو پورا کرتے ہیں؟ |
|---|---|---|
| 11 | معاہدے میں ان مواد کی تفصیل لازمی طور پر شامل ہونی چاہئے جو آپ فراہم کریں گے، بشمول اپلائنسز، اور اس میں سامان کی کمپنی اور ماڈل نمبر اور شناخت کی کوئی بھی دیگر معلومات شامل کریں۔<br>**تجویز:** معاہدے میں کام کی اجرت اور سامان کی وہ قیمت درج ہونی چاہئے جس پر آپ اور صارف اتفاق کرتے ہیں۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(3)** | ☐ ہاں |
| 12 | معاہدے میں صارف کو اس بات کا نوٹس فراہم کرنا ہوگا کہ ٹھیکیدار یا ذیلی ٹھیکیدار جو کام انجام دیتا ہے اور ادائیگی حاصل نہیں کرتا ہے وہ صارف کے خلاف اس کا دعوی کر سکتا ہے جسے قابل اطلاق استحقاق کے قوانین کے مطابق جائیداد کے خلاف نافذ کیا جا سکتا ہے۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(4)** | ☐ ہاں |
| 13 | معاہدے میں صارف کو اس بات کا نوٹس شامل کرنا ہوگا کہ نیو یارک ریاست کے استحقاق کے قانون کی ذیلی شق 4 کے 71-a سیکشن کے مطابق، ٹھیکیدار کو قانونی طور پر کام کی تکمیل سے قبل موصول ہونے والی تمام ادائیگیاں ڈپازٹ کرنے کی ضرورت ہے اور یہ کہ، اس طرح کی ڈپازٹ کے بدلے، ٹھیکیدار معاہدے کے مقصد سے ادائیگیوں کی واپسی یا ادائیگیوں کی درخواست کی ضمانت دیتے ہوئے صارف کے ساتھ بانڈ یا معاوضے کا معاہدہ کر سکتا ہے۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(5)** | ☐ ہاں |
| 14 | اگر صارف کام کی پیشرفت کے ساتھ ہی قسطوں میں ادائیگی کرنے جا رہا ہے تو، معاہدہ میں مخصوص کام کی تکمیل کے بعد ادا کی جانے والی رقم کے ساتھ ادائیگیوں کا شیڈیول بھی شامل کرنا ہوگا۔ شیڈول میں مندرجہ ذیل امور کو درج کرنا ضروری ہے:<br>• ہر ایک ادائیگی کی رقم<br>• وہ کام جو ہر ایک ادائیگی کے ذریعہ مکمل ہوگا<br>• ہر ایک ادائیگی کے ذریعہ فراہم کیا جانے والا سامان<br>ادائیگیوں کی رقم کا مکمل ہونے والے کام اور ہر ادائیگی کے لیے فراہم کردہ سامان سے معقول تعلق بھی ہونا چاہئے۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(6)** | ☐ ہاں |
| 15 | معاہدے میں آپ کے ذریعہ نمائندگی کیے گئے تمام چارجز، گارنٹیوں اور وارنٹیوں کو واضح طور پر بیان کرنا ہوگا۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(7)** | ☐ ہاں |
| 16 | معاہدے میں لازمی طور پر یہ بیان کیا جانا چاہیے کہ کام شروع کرنے سے پہلے آپ صارفین کو "کارکنان کے سرٹیفیکیٹ کے معاوضہ کے بیمہ "کی ایک کاپی دینے پر راضی ہیں۔<br>**تجویز:** نیو یارک اسٹیٹ ورکرز کمپنسیشن بورڈ کی ویب سائٹ پر کارکنوں کے معاوضہ کے بیمہ کو روکنے سے استثنیٰ سے متعلق معلومات دستیاب ہیں : http://www.wcb.ny.gov/<br>**تجویز:**اگر آپ کو ورکرز کمپنسیشن بیمہ کے تقاضہ سے استثنیٰ حاصل ہوا ہے تو نیو یارک اسٹیٹ ورکرز کمپنسیشن بورڈ سے استثنیٰ کی تصدیق کے سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی دینی ہوگی۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(8)** | ☐ ہاں |
| 17 | معاہدے میں یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ آپ کام کے لئے تمام اجازت نامے حاصل کرلیں گے۔<br>**6 RCNY §2-221(a)(9)** | ☐ ہاں |

# معائنہ کی چیک لسٹ:
# گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار

| تقاضہ | | کیا آپ اس تقاضہ کو پورا کرتے ہیں؟ |
|---|---|---|
| 18 | معاہدے میں صارف (خریدار) کے لئے دستخطی لائن کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل بیان بھی شامل کرنا ہوگا:<br><br>**آپ، یعنی خریدار، اس ٹرانزیکشن کی تاریخ کے بعد تیسرے کاروباری دن کی نصف شب سے پہلے کسی بھی وقت اس ٹرانزیکشن کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ اس حق کی وضاحت کے لئے منسوخی کے فارم سے منسلک نوٹس ملاحظہ کریں۔**<br><br>**تجویز:** یہ بیان لازمی طور پر بولڈفیس میں ہونا چاہئے، اور فونٹ کا سائز کم از کم 10 پوائنٹ کا ہونا چاہئے۔ | ☐ ہاں |
| | **6 RCNY §2-221(a)(10)** | |
| 19 | جس وقت صارف معاہدے پر دستخط کرے اس وقت آپ کو اسے منسوخی کا ایک علیحدہ نوٹس فراہم کرنا ہوگا۔ منسوخی کے فارم کے نوٹس کو معاہدہ کے ساتھ منسلک کیا جانا چاہئے اور وہ آسانی سے نکالے جانے کے قابل ہونا چاہیے۔ نوٹس میں یہ :باتیں درج ہونی چاہئیں<br><br>**معاہدہ کی تاریخ:** ______________<br><br>**منسوخی کا نوٹس**<br><br>**آپ بغیر کسی سزا یا ذمہ داری کے، مذکورہ بالا تاریخ کے تین کاروباری دنوں کے اندر اس معاہدے کو منسوخ کر سکتے ہیں۔**<br><br>**اگر آپ منسوخ کرتے ہیں تو، معاہدے یا فروخت کے تحت خریدی ہوئی کوئی بھی پراپرٹی، آپ کے ذریعہ کی گئی کوئی بھی ادائیگی، اور آپ کے ذریعہ عملدرآمد کردہ کوئی بھی قابل ذکر سامان، آپ کی منسوخی کے نوٹس فروخت کنندہ کو وصول ہو جانے کے بعد 10 کاروباری دنوں کے اندر واپس ہو جائے گا، اور ٹرانزیکشن سے پیدا ہونے والی کوئی بھی سلامتی کا مفاد منسوخ ہو جائے گا۔**<br><br>**اگر آپ منسوخ کرتے ہیں تو، آپ کو اپنی رہائش پر فروخت کنندہ کے لئے اسے دستیاب رکھنا ضروری ہے، کافی حد تک اتنی ہی اچھی حالت میں جیسا آپ نے وصول کیا تھا، اس معاہدے یا فروخت کے تحت آپ کو فراہم کردہ کوئی بھی سامان؛ یا اگر آپ چاہیں تو آپ، فروخت کنندہ کے خرچ اور جوکھم پر سامان واپس بھیجنے سے متعلق فروخت کنندہ کی ہدایات پر عمل کر سکتے ہیں۔**<br><br>**اگر آپ فروخت کنندہ کے لئے سامان دستیاب رکھتے ہیں اور فروخت کنندہ منسوخی کے آپ کے نوٹس کی تاریخ کے بعد 20 دنوں کے اندر وہ سامان نہیں لے جاتا ہے تو، آپ کسی بھی مزید ذمہ داری کے بغیر سامان کو اپنے پاس رکھ سکتے ہیں یا پھینک سکتے ہیں۔ اگر آپ فروخت کنندہ کے لئے سامان دستیاب رکھنے میں ناکام ہوتے ہیں، یا اگر آپ فروخت کنندہ کے پاس سامان واپس بھیجنے پر راضی ہوتے ہیں اور آپ ایسا کرنے میں ناکام رہتے ہیں، تو پھر معاہدے کے تحت تمام تر ذمہ داریاں آپ پر عائد ہوتی ہیں۔**<br><br>**اس ٹرانزیکشن کو منسوخ کرنے کے لئے، منسوخی کے اس نوٹس جس پر دستخط اور تاریخ درج ہو، کی ایک کاپی ______________ کو ______________ پر ______________ کی نصف شب سے پہلے ڈاک سے بھیجیں یا پہنچائیں۔**<br><br>**اسی کے ساتھ میں اس ٹرانزیکشن کو منسوخ کرتا ہوں۔**<br><br>______________ خریدار کا دستخط ______________ جلی حروف میں نام ______________ تاریخ<br><br>**تجویز:** فارم میں موجود الفاظ بولڈفیس میں ہونے چاہئیں، اور فونٹ کا سائز کم از کم 10 پوائنٹ ہونا چاہئے۔<br><br>**تجویز:** منسوخی کا نوٹس انگریزی میں اور معاہدہ پر گفت و شنید کرنے کے لئے استعمال ہونے والی کسی بھی دوسری زبان میں ہونا ضروری ہے۔<br><br>**تجویز:** منسوخی کے نوٹس کا فارم ڈاؤن لوڈ کریں، جو درج ذیل ویب سائٹ پرDCWP کے گھر کی بہتری کا تخمینہ اور حتمی معاہدہ کے آخر میں واقع ہے: nyc.gov/BusinessToolbox | ☐ ہاں |
| | **6 RCNY §2-221(b)** | |

Consumer and Worker Protection

# معائنہ کی چیک لسٹ:
# گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار

| تقاضہ | | کیا آپ اس تقاضہ کو پورا کرتے ہیں؟ |
|---|---|---|
| 20 | آپ کو منسوخی کے کسی بھی معقول نوٹس کا احترام کرنا ہوگا اور نوٹس ملنے کے بعد دس کاروباری دنوں کے اندر معاہدے کے تحت کی جانے والی تمام ادائیگیوں کو واپس کرنا ہوگا۔<br>**6 RCNY §2-221(h)(1)** | ☐ ہاں |
| 21 | معاہدے میں یہ بیان نہیں جا سکتا کہ صارف قانون کے تحت صارف کے حقوق، دعووں، دفاع، یا دوائیوں، پر چھوٹ دے رہا ہے دستبردار ہو رہا ہے یا وثوق سے کہنے سے منع کیا جا رہا ہے۔<br>**NYC کوڈ §20-393(13)** | ☐ ہاں |
| **اجازت نامے** | | |
| 22 | آپ کو ہر اجازت نامہ، لائسنس، قبضے کا سرٹیفکیٹ، یا معاہدہ کا کام مکمل کرنے کے لئے ضروری خصوصی رعایت کو محفوظ کرنا ہوگا۔<br>**تجویز:** آپ کو پلمبنگ، بجلی کے کام، نشاندہی کرنے، گھر کی توسیع اور گھر میں بہتری کے دیگر کاموں کے لئے نیو یارک سٹی محکمہ برائے عمارات (Department of Buildings, DOB) سے پرمٹ حاصل کرنے کی ضرورت پر سکتی ہے۔<br>**تجویز:** اضافی معلومات کے لئے DOB کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/buildings<br>**6 RCNY §2-223(a)** | ☐ ہاں |
| **ادائیگیاں اور مالی اعانت** | | |
| 23 | آپ گھر کی بہتری کے کام کے لئے مالی اعانت کا بندوبست نہیں کر سکتے ہیں اور نہ ہی کسی صارف کی مالی اعانت حاصل کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔<br>**NYC کوڈ §20-393(4)، NYC کوڈ §20-393(17)** | ☐ ہاں |
| 24 | کام کے دوران، کسی بھی ایسے اخراجات کی ادائیگی کرنے کے لئے آپ صارف کی ادائیگیوں کا استعمال نہیں کر سکتے ہیں جو براہ راست گھر کی بہتری سے وابستہ نہیں ہیں۔<br>**6 RCNY §2-223(c)** | ☐ ہاں |
| **کام کی کارکردگی** | | |
| 25 | آپ معاہدے میں کوئی بھی کام انجام نہیں دے سکتے ہیں اور نہ ہی صارف کی ملکیت میں کوئی تبدیلی کر سکتے ہیں یہاں تک کہ منسوخی کی تین دن کی مدت ختم ہو جائے اور صارف منسوخی کا اپنا حق استعمال نہ کرے۔<br>**NYC کوڈ §20-394.1؛ 6 RCNY §2-223(d)** | ☐ ہاں |
| 26 | آپ صارف کی تحریری اجازت کے بغیر، وہ کام انجام نہیں دے سکتے ہیں جو معاہدے میں نہیں ہے، یا معاہدے میں بیان کردہ کام سے مختلف ہے۔<br>**NYC کوڈ §20-393(1)** | ☐ ہاں |
| 27 | آپ کو نیویارک سٹی کی تمام عمارت، سینیٹری، آتشزدگی اور صحت کے قوانین کی پابندی کرنی ہوگی۔<br>**NYC کوڈ §20-393(6)** | ☐ ہاں |
| 28 | کام مکمل کرنے سے پہلے آپ صارف کو تکمیل کے سرٹیفکیٹ پر دستخط کرنے کے لئے نہیں کہہ سکتے ہیں۔<br>**NYC کوڈ §20-393(12)** | ☐ ہاں |
| 29 | آپ کو کام کو اپنے ہنر کے مطابق اور عمدگی کے ساتھ انجام دینا ہوگا، اور آپ کو معاہدہ میں کام مکمل کرنا ہوگا۔<br>**NYC کوڈ §20-393(11)** | ☐ ہاں |

Consumer and Worker Protection

# معائنہ کی چیک لسٹ:
# گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار

| | تقاضہ | کیا آپ اس تقاضہ کو پورا کرتے ہیں؟ |
|---|---|---|
| | **تشہیر** | |
| 30 | تشہیر میں گھر کی بہتری کے ٹھیکیدار کا DCWP لائسنس نمبر شامل ہونا ضروری ہے۔<br>**6 RCNY §2-222(a)** | ☐ ہاں |
| 31 | اشتہارات میں یہ دعوی نہیں کیا جا سکتا ہے کہ آپ کی مصنوعات یا خدمات کے نتیجے میں ایسے فوائد ہوں گے جو معلوم اور قابل حقائق پر مبنی نہیں ہیں۔<br>**مثالیں:** اگر یہ دعوی ثابت کیے جانے کے قابل حقائق پر مبنی نہیں ہیں تو آپ یہ اشتہار نہیں دے سکتے ہیں کہ آپ جن کھڑکیوں کو بیچتے یا لگاتے ہیں وہ توانائی کے بلوں کو ایک خاص فیصد تک کم کردیں گی۔<br>**6 RCNY §2-222(r)** | ☐ ہاں |
| | **ریکارڈز** | |
| 32 | آپ کو صارفین کے ساتھ کیے گئے اپنے تمام معاہدوں کی کاپیاں، اور اپنے کاروبار سے وابستہ دیگر تمام دستاویزات کو چھ سال تک لازمی طور پر اپنے پاس رکھنا چاہیے۔<br>**تجویز:** وہ معاہدے جن میں چھ سال سے زیادہ کی ضمانت شامل ہے انہیں ضمانت کی پوری مدت کے لئے اپنے پاس رکھنا ضروری ہے۔<br>**6 RCNY §2-223(b)** | ☐ ہاں |

مزید معلومات کے لیے:nyc.gov/BusinessToolbox | **ملاحظہ کریں 311** پر کال کریں (212) NEW-YORK (Outside NYC)

*یہ دستاویز صرف معلوماتی مقاصد کے لئے فراہم کی گئی ہے، جامع اور مکمل نہیں ہے، اور کوئی قانونی مشورہ فراہم نہیں کرتی ہے۔*
*نیویارک سٹی کے کاروباریوں کو تمام متعلقہ وفاقی، ریاست اور سٹی کے قوانین اور اصولوں کی تعمیل کرنی ہوگی۔ کاروباری حضرات اپنے کاروبار پر اثر انداز ہونے والے موجودہ ضوابط کو جاننے اور ان کی تعمیل کرنے کے لئے ذمہ دار ہیں۔*